# 21-05-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ریاستی نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکر ما آرکا نے اپوزیشن جماعتوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے سیاسی فائدہ کیلئے کسانوں کو پریشانی میں نہ ڈالیں۔

☆ ریاستی حکومت نے احکامات جاری کرتے ہوئے آئی اے ایس آفیسرس کو دس یونیورسٹیز کے انچارج وائس چانسلرس بنانے کا اعلان کیا ہے۔

☆ بی آر ایس کے سینئر قائد اور سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے فوری طور پر نوتقررشدہ نرسنگ آفیسرس کے چار ہزار روپے بقایہ مشاہیرہ جات ادا کرنے کے مسئلہ پر غور کرنے حکومت سے مطالبہ کیا۔

☆ وزیر اعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی یوم وفات کے موقع پر انہیں بھر پور خراج عقیدت پیش کیا۔ آج مخالف یوم دہشت گردی منایا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی یوم وفات کے موقع پر انہیں بھر پور خراج عقیدت پیش کیا اور سوماجی گوڑہ پر واقع راجیو گاندھی کے مجسمہ پر پھول نچھاور کرتے ہوئے خراج پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے راجیو گاندھی کی ملک بھر میں آئی ٹی شعبہ میں خدمات کو یاد کیا اور انہیں ملک میں آئی ٹی شعبہ کا بنیاد رکھنے والا قرار دیا۔ اس موقع پر انہوں نے سابق وزیر اعظم کی بحیثیت وزیر اعظم مختلف وسیع خدمات کی تعریف کی۔ سابق وزیر جانا ریڈی، راجیہ سبھا کے سابق رکن ہنمنت راؤ، سابق وزیر محمد علی شبیر، کانگریس پارٹی کی انچارج دیپا داس منشی اور دیگر پارٹی قائدین اس موقع پر موجود تھے۔ ریاستی وزیر اطلاعات ونشریات پی سرینواس ریڈی نے بھی کھمم ضلع کے کوسومنچی پر راجیو گاندھی کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کرتے ہوئے بھر پور خراج پیش کیا۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر جو اس وقت امریکہ کے دورہ پر ہیں نیویارک کے ٹائمس اسکوائر پر ایک تقریب میں شرکت کی اور راجیو گاندھی کی یوم وفات پر انہیں خراج پیش کیا۔ پارٹی ذرائع نے یہ بات بتائی۔ آج ملک بھر میں مخالف یوم دہشت گردی منایا جارہا ہے۔ اور آج کا دن ملک کے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو ان کی یوم وفات پر یاد کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ اکیس مئی 1991 کو لبریشن ٹائیگر آف ٹامل ایلام (ایل ٹی ٹی ای) کے خودکش بم بردار نے چینائی کے قریب سری پریم بودورگاؤں میں حملہ کرتے ہوئے راجیو گاندھی کو شہید کردیا تھا۔ آج کے دن معاشرہ اور قوم کو دہشت گردی اور تشدد کے منفی اثرات سے واقف کروایا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بجلی اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی سے اوسط درجہ کی بارش اور بونداباندی بھی ہوسکتی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش بھی ریکارڈ کی گئی۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت ریاست کے ضلع عادل آباد میں کل 41.3 ڈگری سلیس درج کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے سینئر قائد اور سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے فوری طور پر نوتقررشدہ نرسنگ آفیسرس کے چار ہزار روپئے بقایہ مشاہیرہ جات ادا کرنے کے مسئلہ پر غور کرنے حکومت سے مطالبہ کیا۔ یہ آفیسرس جو ڈائرکٹوریٹ آف میڈیکل ایجوکیشن کے تحت مقرر کئے گئے ہیں گزشتہ چار مہینوں سے انہیں تنخواہ ادا نہیں کی گئی جس کی وجہ سے نرسوں کو سخت معاشی مسائل کا سامنا ہے۔ اس مسئلہ کو اجاگر کرتے ہوئے ہریش راؤ نے ریاستی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سات ہزار نرسنگ آفیسرس کے تقررات کا سہرا اپنے سر لینے کی کوشش کررہی ہے جبکہ ان تقررات کے ابتدائی مراحل کا آغاز سابقہ بی آر ایس حکومت میں ہی شروع کیا گیا تھا جبکہ موجودہ حکومت انہیں وقت پر تنخواہوں کی ادائیگی سے بھی قاصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے ایل بی اسٹیڈیم میں بڑی تقریب منعقد کرتے ہوئے انہیں تقررنامے حوالے کئے تھے جبکہ ان نرسوں کی تنخواہیں اور الاؤنس ادا نہیں کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم پر یہ بات کہی۔

☆☆☆☆☆

ایک خاتون ہلاک اور دیگر چھ افراد اس وقت زخمی ہوگئے جب وہ مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائیٹ گرانٹی اسکیم (منریگا کے تحت) آج صبح ضلع راجنا سرسلہ کے وینکٹ راؤ پیٹ میں زمین کی کھدائی کے دوران حادثہ کا شکار ہوگئے۔ خاتون کی شناخت پچاس سالہ مار پکا راجوا ساکن وینکٹ راؤ پیٹ گاؤں، کونارا پیٹ منڈل، ضلع راجنا سرسلہ کی حیثیت سے کی گئی ہے۔ وہ اور دیگر مزدور پانی کے ٹینک میں کھدائی کا کام کررہے تھے کہ حادثہ پیش آیا۔ راجوا کو حادثہ میں چوٹیں آئیں جس کی وجہ سے وہ فوت ہوگئیں۔ دیگر چھ زخمیوں کو فوری طور پر سرسلہ کے سرکاری دواخانہ میں علاج کیلئے منتقل کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کی متحدہ آندھرا پردیش سے علحدگی اور نئی ریاست کی دس سالہ تکمیل کے موقع پر الیکشن کمیشن کی منظوری کے ساتھ ریاستی حکومت بڑے پیمانے پر تقریبات منعقد کرنے کا منصوبہ بنارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق کانگریس کی جانب سے بڑے پیمانے پر عوامی جلسے منعقد کرتے ہوئے سینئر کانگریس قائد سونیا گاندھی کو جنہوں نے ریاست تلنگانہ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا تھا تہنیت پیش کئے جانے کا منصوبہ ہے۔ اسی دن ان تمام کو بھی تہنیت پیش کی جائے گی جنہوں نے علحدہ تلنگانہ کے قیام میں حصہ لیا تھا۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرما آرکا نے کل ریاستی کابینہ میں اس مقصد کیلئے قرارداد پیش کی تھی جسے متفقہ طور پر منظور کیا گیا۔ اطلاعات وتعلقات عامہ کے ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے کہا کہ ان تقریبات منعقد کرنے کے ضمن میں الیکشن کمیشن آف انڈیا سے اجازت طلب کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے اپوزیشن جماعتوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے سیاسی فائدہ کیلئے کسانوں کو پریشانی میں نہ ڈالیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں سے دھان کی خریداری کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھیگی ہوئی اور سوکھی ہوئی دھان حکومت کسانوں سے ضروری خریدے گی اور خریدی کے اندرون تین یوم رقم ان کے بینک کھاتوں میں جمع کی جائے گی۔ حیدرآباد میں آج گاندھی بھون میں میڈیا نمائندوں کو مخاطب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیوں کے قائدین کسانوں سے متعلق غلط پروپیگنڈہ کرتے ہوئے انہیں خوفزدہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جنتا پارٹی بی جے پی اور بھارت راشٹرا سمیتی بی آر ایس دھان خریدی سے متعلق جھوٹی باتیں پھیلا رہے ہیں۔ گیلی دھان نہیں خریدی جارہی ہے جو کہ غلط ہے۔ انہوں نے کسانوں کو تیقن دیا کہ حکومت اقل ترین امدادی قیمت پر دھان خریدے گی اور ریاستی حکومت عوام کی حکومت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھان پر پانچ سو روپئے فی کنٹل بونس دینے کا جو وعدہ کیا گیا تھا اسے پورا کرنے کے بھی اقدامات شروع کئے جاچکے ہیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے کہا تھا کہ دھان کی کاشت کرنا گردن میں گرہ لگانے کے مترادف ہے۔

☆☆☆☆☆

اینٹی کرپشن بیورو (ACB) نے آج صبح اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس سنٹرل کرائم اسٹیشن CCS ٹی ایس اوما مہیشور راؤ کی رہائش گاہ واقع اشوک نگر حیدرآباد پر تلاشی شروع کی۔ اس کے علاوہ ACB نے سرکاری عہدیدار کے دوستوں اور افراد خاندان کے رہائش گاہوں پر بھی شہر کے دس مختلف مقامات پر تلاشی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ACB ڈائرکٹر اے آر سرینواس نے کہا کہ ان کے اثاثہ جات ان کی آمدنی سے کہیں زیادہ ہے اور اسی جانچ کیلئے ان کی رہائش گاہ کے علاوہ ان کے دوستوں اور افراد خاندان کے رہاش گاہوں پر بھی چھاپے مارے گئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ صحت نے احتیاطی تدابیر کی ایک فہرست جاری کرتے ہوئے وائرل انفیکشن، مچھر سے پیدا ہونے والی بیماریوں، خوراک اور پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے مقابلہ کرنے کے ضمن میں ہدایات جاری کی ہیں۔ ملیریا، ڈینگو اور چکن گنیا کی روک تھام کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے مشورہ دیا گیا ہے کہ گھروں کے دروازوں اور کھڑکیوں پر مچھروں سے محفوظ رہنے کیلئے پردوں کا استعمال کریں۔ خصوصاً صبح اور شام کے اوقات میں احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ اس کے علاوہ بچوں کو ہلکے رنگ کے کپڑے پہنانے اور ہاتھوں اور پیروں کو بھی محفوظ رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں مشورہ دیا گیا ہے کہ بچوں کو کیمیائی کریم لگانے میں احتیاط سے کام لیں۔ اس کے علاوہ فرائی ڈے ڈرائی ڈے کے تحت گھروں کے قریب پانی جمع نہ ہونے دیں۔ اس کے علاوہ پودوں کے گملوں، کیمپ، کینس، ٹائر، بالٹی، کولرس وغیرہ میں پانی کو جمع ہونے نہ دیں اور صفائی کا خیال رکھیں۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ میں موبائیل چوری اور جعلی موبائیل آلات کے بڑھتے ہوئے معاملات کے پیش نظر پولیس کی جانب سے سنٹرل ایکومنٹ آئی ڈینٹی رجسٹر (CEIR Portal) کے شروع کئے جانے کے بعد تیس ہزار انچاس موبائیل ڈیوائس کی بازیابی کی گئی ہے۔ پولیس نے یہ اطلاع دی۔ اس کے ساتھ ریاست ملک بھر میں کرناٹک کے بعد ان آلات کی بازیابی میں دوسرے نمبر پر پہنچ گیا ہے جبکہ کرناٹک پہلے نمبر پر ہے جہاں پینتیس ہزار نوسو پینتالیس موبائیل ضبط کئے گئے ہیں۔ اوراسی طرح مہاراشٹرا اور آندھراپردیش میں بالترتیب پندرہ ہزار چارسوچھبیس اور سات ہزار تین سوستیاسی موبائیل کی بازیابی عمل میں آئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے حکمنامہ جاری کرتے ہوئے آئی اے ایس آفیسرس کو دس مختلف یونیورسٹیز کے انچارج وائس چانسلرس بنائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ واضح رہے کہ ان دس یونیورسٹیز میں وائس چانسلر کی معیاد آج ختم ہورہی تھی۔ نئے انچارج وائس چانسلرس میں دانا کشور عثمانیہ یونیورسٹی، بی وینکٹیشم جواہرلال نہرو ٹکنیکل یونیورسٹی، وی کرونا کاکتیہ یونیورسٹی، رضوی ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی، سندیپ سلطانیہ تلنگانہ یونیورسٹی، شلیجہ رام ایئر پٹی سری راملو یونیورسٹی، نوین متل مہاتما گاندھی یونیورسٹی، سریندر موہن ستاواہنا یونیورسٹی، جیش رنجن جواہرلال نہرو آرکٹیکچر اینڈ فائن آرٹس یونیورسٹی اور ندیم احمد پالمورو یونیورسٹی شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆